**25.08.2025**
**21.15 Hrs.**
**HL**

آداب
یہ آکاشوانی ہے
خبروں کے ساتھ میں ضمیر رضوی
Music

……………………………

☆ وزیر اعظم نریندر مودی نے گجرات میں پانچ ہزار چار سو کروڑ روپئے سے زیادہ مالیت کے ترقیاتی پروجیکٹوں کا آغاز کیا۔ انھوں نے کہا ہے کہ حکومت غریب کو باوقار زندگی فراہم کرنے کے تئیں عہد بند ہے۔

☆ بھارت اورFIJI نے دہشت گردی کے تئیں صفر برداشت کرنے کا اعادہ کیا ہے۔ انھوں نے دفاع اور سکیورٹی کے شعبے میں باہمی تعاون کو مستحکم کرنے کا عہد کیا۔ دونوں ملکوں نے نئی دلّی میں 9مفاہمت ناموں اور دستاویزات کا تبادلہ کیا۔

☆ بھارت کے محکمہ موسمیات نے کل شمالی بھارت، ساحلی آندھراپردیش، گجرات اور راجستھان کے کسی کسی مقام پر شدید سے انتہائی شدید بارش ہونے کی پیشگوئی کی ہے۔

☆ ویٹ لفٹنگ میں احمدآباد میں کامن ویلتھ چمپئن شپ کے خواتین کے 48 کلو گرام زمرے میں میرا بائی چانو نے طلائی تمغہ حاصل کیا ہے۔

☆ اور ایشیائی شوٹنگ چمپئن شپ میں بھارتی خواتین نشانے بازوں نے، تین طلائی تمغے حاصل کئے ہیں۔ Bhowneesh Mendiratta نے مردوں کے Trap مقابلے میں چاندی کا تمغہ حاصل کیا ہے۔

……………………………

(Music)
اب خبریں تفصیل سے

**Gujarat PM Visit**

وزیر اعظم نریندر مودی نے آج اِس بات پر زور دیا کہ کسانوں، مویشی پالنے والوں اور چھوٹے پیمانے کے صنعتکاروں کے مفادات ملک کیلئے انتہائی اہمیت کے حامل ہیں۔ انھوں نے اعادہ کیا کہ بھارت کسی بھی دباؤ کے تحت ان گروپوں کو کسی بھی طرح کا نقصان پہنچنے کی اجازت نہیں دے گا۔ وزیر اعظم نے یہ بات آج احمدآباد کے Khodaldham گراؤنڈ میں پانچ ہزار چار سو کروڑ روپئے سے زیادہ مالیت کے ترقیاتی پروجیکٹوں کا افتتاح کرتے ہوئے اور سنگ بنیاد رکھنے کے بعد ایک اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔

S/B 2100 PM Modi Development

وزیر اعظم نے یقین دلایا کہ حکومت، معاشرے کے ہر طبقے کیلئے ایک باوقار زندگی کو یقینی بنانے کیلئے عہد

بند ہے۔ انھوں نے اجاگر کیا کہ شہری غریب کی زندگیوں کو بہتر بنانا اب بھی حکومت کی اوّلین ترجیح ہے۔

S/B 2100 PM Dignity

جناب مودی نے واضح کیا کہ گجرات، ہیروں، ٹیکسٹائل، ادویہ، سیمی کنڈکٹر اور پیٹروکیمیکلز جیسے شعبوں میں رہنمائی کر رہا ہے۔ موجودہ صنعتیں توسیع پا رہی ہیں جبکہ نئی صنعتیں قائم کی جا رہی ہیں۔ یہ سب ایک خودکفیل بھارت کے وژن کو مستحکم کرنے کیلئے اہم کاوشیں ہیں۔ جن پروجیکٹوں کا آج افتتاح کیا گیا اُن کا تعلق شہری ترقی، توانائی، سڑکیں اور ریلویز سے ہے۔ جناب مودی کل احمدآباد کے Hansalpur میں ہائی برڈ بیٹری Electrodes کی مقامی پروڈکشن کا افتتاح کریں گے اور 100 ملکوں کو بیٹری الیکٹرک گاڑیوں کی برآمدات کا آغاز کریں گے۔x

**with Add India FIJI MoU**

بھارت اور FIJI نے دہشت گردی کے تئیں صفر برداشت کا اعادہ کیا ہے اور اِس سے متعلق دوہرا معیار اپنانے کو مسترد کیا ہے۔ وزیر اعظم نریندر مودی اور اُن کے FIJI کے ہم منصب Sitiveni Rabuka کے درمیان نئی دلّی میں باہمی بات چیت کے دوران، دونوں لیڈروں نے دہشت گردی کے خلاف تعاون کو مستحکم کرنے اور دہشت گردی کی ہر قسم اور شکل میں مذمت کرنے سے اتفاق کیا ہے۔ دونوں لیڈروں نے پہلگام دہشت گردانہ حملے کی مذمت کی اور انسدادِ بنیاد پرستی، دہشت گردوں کو مالیہ فراہم کرنے سے مقابلہ کرنے، دہشت گردانہ سرگرمیوں کیلئے نئی اور ابھرتی ہوئی ٹیکنالوجیوں کے غلط استعمال کو روکنے اور دہشت گردوں کی بھرتی سے نمٹنے کی ضرورت پر زور دیا۔ بات چیت کے بعد ایک مشترکہ پریس کانفرنس میں وزیر اعظم مودی نے کہا کہ بھارت اور FIJI نے دفاع اور سکیورٹی کے شعبے میں باہمی تعاون کو مستحکم کرنے کا فیصلہ کیا ہے نیز اِس ضمن میں ایک ایکشن پلان تیار کیا جارہا ہے۔

S/B PM MoU

بعد میں نئی دلّی میں میڈیا کو تفصیلات بتاتے ہوئے، وزارت خارجہ کی سکریٹری (جنوب) Neena Malhotra نے بتایا کہ دونوں لیڈروں کی موجودگی میں 9 باہمی دستاویزات اور مفاہمت ناموں کا تبادلہ کیا گیا۔ FIJI کے وزیر اعظم Rabuka بھارت کے تین روزہ دورے پر کل نئی دلّی پہنچے تھے۔FIJI کے وزیر اعظم نے آج شام نئی دلّی کے راشٹرپتی بھون میں صدر جمہوریہ دروپدی مرمو سے ملاقات کی۔ صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے کہا کہ بھارت، بحرالکاہل کے جزائر کے ممالک کے ساتھ اپنے تعلقات اور ترقی کی شراکت داری کو مستحکم کرنے کے تئیں عہد بند ہے، جن میں FIJI ایک خصوصی شراکت دار ہے۔x

**HM Interview**

مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ نے آئین کے 130ویں ترمیمی بل کے خلاف احتجاج کرنے پر اپوزیشن پارٹیوں کی نکتہ چینی کی ہے۔ ایک نیوز ایجنسی کو دیے انٹرویو میں، جناب شاہ نے الزام لگایا کہ اپوزیشن لیڈر جیل میں ہونے کے باجود، حکومت کی تشکیل کرنے اور چلانے کی کوشش کر رہے ہیں۔ انھوں نے بل کے خلاف

اپوزیشن پارٹیوں کے احتجاج کو غیر جمہوری قرار دیا۔

S/B Amit Shah No Jail Govt

انھوں نے اس بات کو اجاگر کیا کہ یہ وزیراعظم نریندر مودی ہی تھے کہ جنھوں نے وزیراعظم کے دفتر کو اس بل کے تحت لانے پر زور دیا۔x

## Delhi Speakers Conference

لوک سبھا کے اسپیکر اوم برلا نے کہا ہے کہ تقریر اور اظہارِ رائے کی آزادی جمہوریت کی طاقت ہے، لیکن اِس آزادی کو باوقار طریقے پر استعمال کیا جانا چاہیئے۔ جناب برلا نے یہ بات آج دلّی قانون ساز اسمبلی میں دو روزہ کُل ہند اسپیکروں کی کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ انھوں نے کہا کہ پارلیمنٹ کے وقار کو کم کرنا تشویش کی بات ہے نیز سیاسی پارٹی کو ایوان کے اندر اپنے برتاؤ کو باوقار بنانا چاہیئے۔ جناب برلا نے تمام ا سپیکروں پر زور دیا کہ وہ ایوانوں کو مزید شفاف اور عوام کے تئیں مزید ذمے دارانہ بنائیں۔

S/B 2100 LS Speaker Om Birla

کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے دلّی قانون ساز اسمبلی کے اسپیکر وجیندر گپتا نے واضح کیا کہ Vithalbhai پٹیل نے یہ بات ثابت کردی تھی کہ اسپیکر کسی پارٹی کا نمائندہ نہیں ہوتا بلکہ وہ ایوان کے وقار اور نظم ونسق کا غیرجانبدار نگراں ہوتا ہے۔ یہ دو رزہ کانفرنس، Vithalbhai پٹیل کے سینٹرل لجسلیٹو اسمبلی کے پہلے بھارتی اسپیکر ہونے کے طور پر انتخاب کے صدسالہ تقریبات منانے کیلئے منعقد کی گئی ہے۔ مرکزی وزراء منوہر لال اور جیوترآدتیہ سندھیا، دلّی کی وزیر اعلیٰ ریکھا گپتا، ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں کی قانون ساز اسمبلیوں کے اسپیکروں نے اِس تقریب میں شرکت کی۔x

## ECI Political Party Meetings

انتخابی کمیشن نے گذشتہ چھ مہینے کے دوران قومی اور ریاستی سیاسی پارٹیوں کے ساتھ تعمیری بات چیت کی ہے، جس کی طویل عرضے سے ضرورت محسوس کی جارہی تھی۔ کمیشن نے سبھی تسلیم شدہ سیاسی پارٹیوں کے نمائندوں کے ساتھ منصوبہ بند طریقے سے میٹنگوں کے کئی دور منعقد کئے۔ یہ میٹنگیں چیف انتخابی کمشنر گیانیش کمار نے اِس سال مارچ میں دیگر انتخابی کمشنروں، ڈاکٹر سکھبیر سنگھ سَندھو اور ڈاکٹر وویک جوشی کی موجودگی میں چیف انتخابی افسران CEOs کی کانفرنس کے دوران کیں۔ اس کے مطابق، سبھی سیاسی پارٹیوں کے ساتھ 4ہزار 719طے شدہ میٹنگیں ہوئیں، جن میں CEOs نے 40، ضلع انتخابی افسران نے 800اور الیکٹورل رول افسران نے 3ہزار 879میٹنگیں کیں، جن میں مختلف سیاسی پارٹیوں کے 28ہزار سے زیادہ نمائندوں نے شرکت کی۔ x

## IMD Weather

بھارتی محکمۂ موسمیات نے دلّی، ہریانہ، چنڈی گڑھ، ساحلی آندھرا پردیش، گجرات، جموں وکشمیر، لداخ، اڈیشہ،

پنجاب اور راجستھان میں کُل انتہائی شدید بارش کی پیشگوئی کی ہے۔ اِس کے علاوہ کیرالہ، ماہے، کونکن، گوا، وسطی مہاراشٹر، مدھیہ پردیش اور شمال مشرقی خطے کے مختلف حصوں میں بھی اگلے دو سے تین دن کے دوران درمیانی درجے سے موسلادھار بارش کا امکان ہے۔ محکمۂ موسمیات نے مزید کہا کہ انڈومان و نکوبار جزائر، بہار، گجرات، اندرونی کرناٹک، مظفر آباد، جھارکھنڈ، ناگالینڈ، منی پور، میزورم ، تریپورہ اور تلنگانہ کے مختلف مقامات پر بجلی کی گرج چمک اور تیز ہواؤں کے ساتھ بارش ہوسکتی ہے۔

## Laddakh Rain Fall

لداخ میں گزشتہ 24 گھنٹوں سے مسلسل بارش ہورہی ہے۔ 44ملی میٹر بارش رکارڈ کی گئی جو کہ 1973 کے بعد اگست کے مہینے میں سب سے زیادہ ہے۔ لیہ ضلع انتظامیہ نے کل کیلئے سبھی اسکولوں اور آنگن واڑی مراکز کو بند رکھنے کا حکم دیا ہے۔ خراب موسم کی وجہ سے لیہ ایئرپورٹ سے سبھی پروازوں کو منسوخ کردیا گیا ہے۔x

## Pradhan IIT Council Meeting

مرکزی وزیرِ تعلیم دھرمیندر پردھان نے آج نئی دلّی میں IIT کونسل کی 56ویں میٹنگ کی صدارت کی۔ سوشل میڈیا پوسٹ میں جناب پردھان نے بتایا کہ میٹنگ کے دوران، انہوں نے تعلیمی پیشرفت کا جائزہ لیا اور اگلے 25سال کیلئے IIT کے روڈ میپ کی نشاندہی کی۔ جناب پردھان نے مزید کہا کہ یہ میٹنگ، IITs کو زیادہ شمولیاتی، تحقیق پر مبنی اور 21ویں صدی کے تقاضوں سے ہم آہنگ کرنے کے مقصد سے منعقد کی گئی تھی۔ x

## DAHD Guidlines

مویشی پروری اور ڈیری کی وزارت نے بھارت میں جانوروں کیلئے Blood Transfusion اور Blood بینک سے متعلق رہنما خطوط اور معیاری طریقۂ کار آج جاری کئے۔ وزارت نے کہا کہ اِن رہنما خطوط کا مقصد، ریاستی حکومتوں کے ذریعے جانوروں کے Blood بینک کا قیام اور بھارت میں جانوروں کے Blood Transfusion کو مستقبل کے لحاظ سے تیار کرنا اور اُس میں نئی جہت اور بایو سیفٹی پر زور دینا ہے۔ وزارت نے مزید کہا کہ یہ فیصلہ، Veterinary کونسل آف انڈیا، زرعی تحقیق کی بھارتی کونسل ICAR اور ماہرین سے مشاورت کے بعد لیا گیا۔ x

## NCW GR Noida Dowry Murder

خواتین کے قومی کمیشن NCW نے گریٹر نوئیڈا کے جہیز سے متعلق قتل کا نوٹس لیا ہے اور اترپردیش کے DGP سے اِس معاملے میں فوری جانچ کرنے کو کہا ہے۔ معاملے کی مذمت کرتے ہوئے خواتین کے قومی کمیشن کی چیئرپرسن Vijaya Rahatkar نے تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ اِس طرح کی غلط رسومات نے نئی شکل اختیار کرلی ہے، جو انتہائی تشویشناک ہے۔ محترمہ Rahatkar نے کہا کہ بھارت میں جہیز کے خلاف بہت اچھا

قانون ہے اور جہیز مخالف قانون میں سخت التزامات بھی کئے گئے ہیں۔ اِس کے باوجود اِس طرح کی غلط رسومات منظرِ عام پر آرہی ہیں۔

SB - NCW Chairperson

## Atal Pension Subscribers

اٹل پنشن یوجنا APY نے اِس مہینے کی 21تاریخ تک آٹھ کروڑ گیارہ لاکھ سبسکرائبرس کی تعداد کو پار کرتے ہوئے ایک سنگ میل حاصل کیا ہے۔ ان میں سے مالی سال 2024-25میں ایک کروڑ 17لاکھ نئے سبسکرائبرس نے اندراج کیا ہے۔ APY، ملک کی خاتون آبادی اور نوجوان نسل کے مابین تیزی کے ساتھ مقبولیت حاصل کر رہی ہے۔ مالی سال 2024-25میں مجموعی اندراج میں سے 55فیصد خواتین تھیں۔ دی پنشن فنڈ ریگولیٹری اینڈ ڈیولپمنٹ اتھارٹی نے آج نئی دلّی میں APY سالانہ انعامات دینے کا پروگرام منعقد کیا۔ پروگرام میں APY خدمت فراہم کرنے والوں، ریاستی سطح کے بینکاروں کی کمیٹی اور ملک بھر میں سرکردہ پانچ برانچوں اور لیڈ ضلع مینیجرس کو، سالانہ نشانہ حاصل کرنے میں اُن کی غیرمعمولی کارکردگی کیلئے، انعامات دیئے گئے۔APY کو ملک بھر میں جامع طور پر نافذ کیا گیا ہے جو تمام ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں کا احاطہ کرتی ہے۔x

## SSC Examination

اسٹاف سلیکشن کمیشن نے آج اِس بات کا اعادہ کیا کہ کمیشن صاف اور شفاف امتحانات منعقد کرانے کے تئیں عہد بند ہے۔ آج نئی دلّی میں میڈیا کو تفصیلات بتاتے ہوئے SSC کے چیئرمین ایس گوپال کرشنن نے اِس بات کو اجاگر کیا کہ کمیشن نے تکنیکی خامیوں اور غلط عوامل کو درست کرنے کیلئے بہت سے اقدامات کئے ہیں۔ انھوں نے کہا کہ آدھار کی توثیق، امتحان دینے والی کی درست شناخت کو یقینی بنانے کیلئے، اِس سال جولائی کے بعد سے پہلی مرتبہ استعمال کی جارہی ہے۔ انھوں نے مزید کہا کہ اِس سے مختلف اجلاسوں میں بیٹھنے والے امیدواروں کے ذریعے کی جانے والی بار بار کوششوں کو کنٹرول کرنے میں مدد ملی ہے۔ امتحانات میں سوالات کے ایک سے زیادہ مرتبہ دہرائے جانے کے بارے میں بات کرتے ہوئے چیئرمین نے کہا کہ سوالات کی ذمے داری کو اب بانٹ دیا گیا ہے اور اِسے دیگر منتخب ایجنسیوں کو دیا گیا ہے۔ انھوں نے یہ بھی کہا کہ اُن ایجنسیوں کے خلاف سخت ترین کارروائی کی جائے گی جو معیاری خدمات فراہم کرنے میں ناکام رہیں گی۔

S/B 2100 SSC Chairman

کمبائنڈ گریجویٹ سطح کے امتحان سے متعلق، جسے ملتوی کردیا گیا تھا، کمیشن نے کہا ہے کہ یہ امتحان وسط ستمبر کے بعد سے منعقد کیا جائے گا۔x

## Lucnow Shubanshu Welcome

اترپردیش کے وزیرِ اعلیٰ یوگی آدتیہ ناتھ نے بھارتی خلاء باز شُبھانشو شُکلا کا لکھنؤ پہنچنے پر آج خیرمقدم کیا۔

یہ تقریب اترپردیش کے سائنس اور ٹیکنالوجی کے محکمے کی جانب سے، Axiom-4 خلائی مشن کو کامیابی سے مکمل کرنے کے بعد شُبھانشو کے اپنے آبائی شہر پہنچنے کے موقع پر منعقد کی گئی تھی۔ اِس موقع پر شُبھانشو شُکلا نے کہا کہ آنے والے وقت میں لوگ NASA کی نہیں بلکہ ISRO کی بات کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ اُن کے خلائی مشن کے بعد پیدا ہوئے ماحول سے ملک کے خلائی سفر میں کافی مدد ملے گی۔

SB - 2100 - Shubhanshu - UP

## Weightlifting

ویٹ لفٹنگ میں، ٹوکیو اولمپک میں چاندی کا تمغہ جیتنے والی میرا بائی چانو نے آج احمدآباد میں دولت مشترکہ چیمپئن شپ میں خواتین کے 48 کلوگرام زمرے میں 193 کلوگرام کا مجموعی وزن اٹھاکر سونے کا تمغہ جیتا ہے۔ اِس سے پہلے دن میں آج بھارت نے سونے کے دو تمغے جیتے۔ خواتین کے 44 کلوگرام سے 48 کلوگرام کے زمرے میں Priteesmita Bhoi نے کُل 150 کلوگرام کا وزن اٹھایا، جبکہ مردوں کے 56 کلوگرام سے 60 کلوگرام کے زمرے میں Dharamjyoti Dewghariya نے کُل 224 کلوگرام کا وزن اٹھاکر سونے کا تمغہ جیتا۔

x

## Rev Shooting

قزاخستان کے Shymkent میں جاری ایشیائی نشانے بازی چیمپئن شپ میں بھارتی خواتین نشانے بازوں نے 25 میٹر پسٹل جونیئر انفرادی زمرے میں سونے، چاندی اور کانسے کے تمغے جیتے ہیں۔

فائنل میں بھارت کی پائل کھتری نے سونے کا، Naamya کپور نے چاندی کا اور Tejaswani نے کانسے کا تمغہ جیتا ہے۔ تینوں کھلاڑیوں پر مشتمل بھارتی ٹیم نے ٹیم مقابلے میں بھی سونے کا تمغہ جیتا ہے۔

وہیں مردوں کے Trap مقابلے میں Bhowneesh Mendiratta نے چاندی کا تمغہ جیتا۔ اسی طرح خواتین کے Trap مقابلے میں بھارت کی Neeru Dhanda نے سونے کا، جبکہ Aashima Ahlawat نے کانسے کا تمغہ حاصل کیا۔ اِس سے پہلے Esha،Manu Bhaker اور سمرن پریت کور Brar پر مشتمل بھارتی ٹیم نے خواتین کے 25 میٹر پسٹل سینئر ٹیم مقابلے میں کانسے کا تمغہ جیتا۔ اِس طرح وہ چین اور جنوبی افریقہ کے بعد تیسرے نمبر پر رہیں۔x

☆☆☆☆☆☆